Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ رجب المرجب ۱۳۳۵ھ مطابق ۳۰ اپریل ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۱ اپریل ۱۹۱۷ء

ڈاکٹر یو۔ ایل۔ ڈیسائی، ایم۔ ڈی۔ ۱۵ مارچ ۱۹۱۷ء سے چھ ہفتہ کی رخصت لیکر بمبئی گئے ہیں یہ رخصت ۲۵ اپریل ۱۹۱۷ء کو ختم ہو جائیگی۔ آئندہ انکی خدمات کی ضرورت نہیں ہے۔ من ابتدائے ۲۶ اپریل ۱۹۱۷ء وہ خدمات سے سبکدوش کیے جائیں۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں۔

علم محکمہ عالیہ داراالانشاء اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ اپریل ۱۹۱۷ء

نظر برتحریر حافظ احمد علیخان صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات نمبری ۲۹۳ مورخہ ۲۱ اپریل ۱۹۱۷ء

بمقدمہ عدم دستیابی اسلحہ محمد اشرف علیخاں نائب تحصیلدار مرحوم

بندوق دونالی کارتوسی	تلوار	طپنچہ
۲۱۲۳۲ کارخانہ واٹر لاک کلکتہ ایک	۲۴۹۱ ایک	ایک

یہ اسلحہ رجسٹر سے خارج کیے جاویں ایک نقل بغرض اطلاع عام واندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے کہ یہ اسلحہ جسکے پاس برآمد ہونگے ناجائز شمار ہونگے نقل حکم سررشتہ پولیس کو بھی مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم تقرر

۲۳ اپریل ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر تقرر منشی منظور علی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار اور بیس روپیہ بارہ آنہ الاونس بعہدہ اسپکٹنگ افیسر میونسپلٹی بوجہ پٹواری کا ذخیرہ داری سرکوں وغیرہ کے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۹ اپریل ۱۹۱۷ء

معہ نقل رپورٹ اہلمد قیمتوں پیسی صدر دربارہ منظوری قواعد نسبت سیاہہ رقم امانت ضمانت ملاحظہ ہوا۔ اہلمد قیمتوں پیسی صدر نے جو طریقہ سیاہہ امانت ضمانت تحریر کیا ہے اور حاکم صاحب صدر نے اُس سے اتفاق کیا ہے لہذا حسب صراحت رپورٹ اہلمد قیمتوں پیسی صدر منظوری دیجاتی ہے حسب صراحت رپورٹ اہلمد قیمتوں پیسی صدر تحصیلات سے وقت معینہ پر رپورٹ ہائے اجلاس متعلق میں بھیجی جاویں اور اجلاس حاکم صاحب صدر سے کارروائی تکمیل بجلت ختم کیجاوے۔ بااجرائے احکام جمیع تحصیلداران کو تفصیلاً اطلاع دیجاوے۔ ایک نقل حکم بخدمت دیوان صاحب صدر مرسل ہو کہ اجتماع امانت ضمانت کی تصدیق کیلیئے جو رپورٹیں سررشتہ موصوف آیا کریں وہ براہ مہربانی بعد تصدیق جلد واپس بھیجدی جایا کریں۔ انتظام کردیا جاوے۔

ایک نقل رپورٹ اہلمد قیمتوں پیسی صدر معہ نقل حکم ہذا قابل ایک اجلاس میں چسپاں ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

جناب عالی

یکاغذات نسبت تعیین طریقہ سیاہہ امانت ضمانت اجلاس جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر میں حاضر کئے گئے تھے پیش ہوکر اور حضور بھی بوقت اجلاس صاحب ممدوح نے میں تشریف رکھتے تھے جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر نے ارشاد فرمایا تھا کہ نسبت مذکورہ طوالت درستاجران کو درخواست پیش کرنے کے متعلق ہدایات کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سررشتہ داران متعلق ہے وقت کی پابندی کیجائے مکمل رپورٹ ہائے جب ہیں لہذا آیندہ حکم موصوف بسبیل تفصیل ذیل طریقہ عرض کیا جاتا ہے۔

۱۔ سیاہہ امانت ضمانت کیلئے مکمل فہرست بذریعہ رپورٹ حسب قاعدہ تحصیل سے اہلمد قیمتوں پیسی صدر کے پاس ۳۰ جون تک مرتب کرا آنا چاہیئے۔

۲۔ تحصیلات سے بھی ایسی فہرستیں حسب قاعدہ مرتب کرکے ۳۰ جون تک آجایا کریں۔ بعدہٗ اہلمد قیمتوں پیسی صدر کے پاس بغرض مقابلہ کے بھیجدیجایا کریں بعدہٗ سررشتہ اہلمد قیمتوں پیسی صدر میں شامل فہرست مرتبہ سررشتہ کو ہوجایا کریں۔

۳۔ ستاجران میں سے اگر کوئی نئی جداگانہ درخواست پیش کرے تو وہ بھی اہلمد قیمتوں پیسی صدر کے پاس بھیجدیجایا کرے وہ بعد تصدیق ومطابقت کے اُنکی بجائی فہرست مرتبہ میں اُنکو شامل کرلیا کریں جداگانہ کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔

۴۔ اہلمد قیمتوں پیسی صدر کی مرتبہ فہرست ودرخواست جو بغرض صداقت اجتماع رقم سررشتہ دیوانی صاحب صدر میں بھیجی جائیں اُنکے متعلق دیوانی صاحب صدر کو توجہ دلائی جاتی کہ جانتک جلد ممکن ہو واپس فرمایا کریں۔

۵۔ بعد صداقت دیوانی صاحب صدر کے یہ کاغذات اجلاس جناب حاکم صاحب صدر سے اجلاس جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر میں جہانتک ممکن ہو جلد بھیجے جایا کریں تاکہ اجلاس کی رپورٹ جو اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم میں بھیجی جاوے وہ جلد مرتب ہوسکے اور کارروائی سیاہہ امانت ضمانت کی مناسب وقت پر ہوجایا کرے۔

۶۔ بعد ۳۰ جون کے اگر کسی رقم امانت ضمانت کے سیاہہ کی ضرورت پیش آئے تو اُنکی رپورٹ بہ نمبر جداگانہ پیش ہوسکتی ہے جسکے تعیین وقت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

۷۔ ۳۰ جون تک کا وقت جو ششماہی محدود کیا گیا ہے یہ امانت ضمانت مالگذاری اور امانت ضمانت تحصیلات متفرق دونوں کے لیئے ہے کیونکہ جلسہ نیلام دیہات موقوف ہوچکا ہے اور متفرق ضمانت تحصیلات کی اکثر بالعموم بعد مواعید ایک دو ہوتی ہیں اور جسکی تعداد زیادہ ہے یکجائی سیاہہ کی ہوتی ہیں۔ لہذا اجراء ششماہی فہرست ۳۰ جون تک مرتب ہوجانا کچھ دشوار نہیں ہے نہ کوئی امر مانع ہے۔

۸۔ بعد موصول ہونے فہرست اور رپورٹ کے اگر کوئی رقم امانت ضمانت کی کسی شخص مجرم کی بیعاد وغیرہ کے سبب سے ناقابل واپسی اور ناقابل سیاہہ ثابت ہو تو چونکہ ایسی مثل توسیع وغیرہ کی اجلاس عالی جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر میں موجود ہوگی۔ اُنکی ترمیم جسکا رضا جناب اجلاس اُس فہرست میں فرماکر اہلمد قیمتوں پیسی صدر کو اُس ترمیم سے فوراً مطلع کردیا کریں۔

مودبانہ التماس ہے کہ اب اس مختصر طریقہ پر بھی غور فرمایا جاتے۔ اگر یہ مناسب ہو تو منظوری ہوکر انہیں دفعات کی نقلیں شامل ہوکر احکام تحصیلات اور سررشتہ جات متعلق میں بھیجدی جائیں۔ اور درج گزٹ کرادیا جائے۔ اور کسی ترمیم کی ضرورت ہو تو اجلاس سے ترمیم فرمادی جاوے۔ زیادہ حد ادب۔

دستخط اہلمد قیمتوں پیسی صدر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۲۶ اپریل لغایت ۲ مئی ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۹٠ار	۱۰ ار	۹ ار		۹٠ار	حضور تحصیل و تحصیل سوار سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص		۱۳ ار	۱۲٠ار	۱۴ ار		۱۳ ار	
نخود کسہ آمیز		۱۴٠ار	۱۴ ار	۱۵ ار		۱۴٠ار	
کسر		٠	۱۵ ار	۱۶ ار		۱۵ ار	
ماش		۸ ار	۸ ار	۸ ار		۸ ار	
مونگ		٠	۸ ار	٠		۸٠ار	
مکا		٠	۱۳ ار	۱۲٠ار		۱۲ ار	
جئی		٠	٠	٠		۱۵ ار	
گوجئی		۱۲ ار	٠	٠		۱۳ ار	
عدس		۱۰ ار	٠	۱۰ ار		۱۰ ار	
ارہر		٠	٠	٠		۱۴ ار	
برنج		۸ ار	۸ ار	۸ ار		۸ ار	
روغن زرد		٠ر ر ار	٠ر ر ار	۵ ار		٠ر ر ار	
روغن سیاہ		۲ ار	۲ ار	۲ ار		۲ ار	
روغن کنجد		۲ ار	۱٠ار	۱٠ار		۲ ر ار	
نمک سانبھر	٠	۱۳ ر ار	۱۲٠ار	۱۱ ار		۱۲ ار	
نمک لاہوری	٠	۱۰ ار	۸ ار	۸ ار		۹ ار	
قند سیاہ		۴٠ار	۴٠ار	۴		۵ ار	
باجرہ		٠	٠	٠		٠	